25/09/2025

12.30 PM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ عابدہ اختر سے خبریں سُنئے

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ GST میں تبدیلیاں ایسی اصلاحات ہیں جس کی بدولت ملک کے ترقیاتی منظر نامے کو اڑان ملے گی ۔ آج اتر پردیش میں انٹر نیشنل ٹریڈ شو 2025 کا افتتاح کرنے کے بعد تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اب GST رجسٹریشن آسان بھی Refund کو تیزی سے MSMEs تنازعات بھی کم ہوں گے ۔ اس کے علاوہ GST ہو گی اور ملیں گے ۔

وزیر دفاع

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے آج آرمی ہیڈ کوارٹر نئی دلی میں سوچتا ہی سیوا مہم کے تحت صفائی ستھرائی ورکروں کی عزت افزائی کی ۔ اس موقعہ پر وزیر موصوف نے کہا کہ سوچھ بھارت ابھیان ایک انقلاب کی صورت میں ملک کے ہر ایک شہری تک پہنچ گیا ہے اور اسی انقلاب کے تحت ملک آج سوچتا دِوس منا رہا ہے۔ اس موقعہ پر چیف آف ڈیفنس سٹاف جنرل انل چوہان ، چیف آف آرمی سٹاف جنرل اوپیندر دِویدی اور فضائی فوج کے سربراہ ائیر چیف مارشل اے پی سنگھ بھی موجود تھے ۔

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے پنڈت دین دیال اُپادھیائے کی جنم جینتی پر انہیں خراج عقیدت ادا کیا ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ایل جی نے آنجہانی کو ایک عظیم سٹیٹس مین اور دانشور قرار دیا ۔ انہوں نے مزید کہا کہ آنجہانی کے انسانیت اور عوامی خدمت کے اصول ہمیں ترغیب دیتے رہیں گے اور ایک مضبوط شمولیاتی اور وکست بھارت بنانے میں ہمارے عزم کو مستحکم کریں گے۔

جاوید احمد رانا

جنگلات اور ماحولیات کے وزیر جاوید احمد رانا نے نئی دلی میں جنگلات اور ماحولیات کے مرکزی وزیر بھوپندر یادو کے ساتھ ملاقات کی اور جموں کشمیر کے جنگلاتی اور ماحولیاتی منظر نامے سے جڑے امور پر ان کے ساتھ تبادلہ خیال کیا ۔ جاوید رانا نے جموں کشمیر میں حیاتیاتی تنوع کو تقویت بخشنے کے لئے حکومت کی طرف سے کئے جا رہے اقدامات کے بارے میں مرکزی وزیر کو جانکاری دی ۔

GST

اصلاحات لاگو ہو گئی ہیں۔ یہ قدم بھارت کے براہ راست ٹیکس نظام کو GST ملک بھرمیں جدید آسان بنانے کی جانب ایک بڑا قدم مانا جا رہا ہے۔اشیاءاور خدمات پر ٹیکس میں کمی سے عام شہریوں کو بڑے پیمانے پر راحت مل رہی ہے ۔

سیوا پرو

سیوا پروتقریبات کے تحت گاندربل کے مختلف علاقوں میں مہیلا

سبھاو

ں، ہیلتھ کیمپوں ، شجر کاری مہموں اور مختلف سکیموں سے متعلق بیداری پروگراموں کا ؑ انعقاد کیا گیا ۔

کے تحت Angikaar 2025 کولگام میں ضلع انتظامیہ اور اربن لوکل باڈیز کے اشتراک سے متعدد سرگرمیاں انجام دی گئیں جن میں مضمون نویسی ، مصوری مقابلے اور دیگر اختراعی پروگرام شامل ہیں ۔ اس موقعہ پر ڈی سی کولگام اطہر عامر بھی موجود تھے ۔

کی طرف سے مسکین باغ ICDS سرینگر میں سیوا پرو اور آٹھویں راشٹریہ پوشن ماہ کے تحت سرینگر میں بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا گیا ۔ سماجی بہبود محکمے کے کمشنر سیکریٹری سرمد حفیظ نے متعلقین پر زور دیا کہ وہ زمینی سطح پر سکیموں کی موثر عمل آوری کو یقینی بنائیں ۔

سیوا پرو اننت ناگ

سیوا پروکے تحت وومنز گورنمنٹ ڈگری کالج اننت ناگ میں محکمہ اطلاعات کی طرف سے نشہ مکت ابھیان سے متعلق بیداری اور ثقافتی پروگرام منعقد کئے گئے جن میں کافی تعداد میں طلباء، فیکلٹی اور مقامی لوگوں نے شرکت کی ۔

پاسپورٹ

ریجنل پاسپورٹ آفیسر کشمیر بی ایس راوت نے سوچتا ہی سیوا مہم کے تحت کل پاسپورٹ دفتر کے احاطے میں ایک پودا لگایا ۔

سوستھ ناری

دریں اثناءجمونو کشمیر کے مختلف ضلعوں میں سوستھ ناری سشکت پریوارابھیان کے تحت بھی مختلف مقامات پر خصوصی پروگراموں کا انعقاد جا ری ہے۔ کمیونٹی ہیلتھ مراکز ، پرائمری ہیلتھ سینٹروں اور آیوشمان آروگیہ مندروں نے محکمہ صحت کی طرف سے صحت سے متعلق بیداری کیمپوں اور کونسلنگ پروگراموں کا انعقاد کیا گیا ۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کل ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران جموں کشمیر میں قبائلی طبقے کی بہبودی کے لئے عملائی جا رہی متعدد مرکزی معاونت والی سکیموں کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ زمینی سطح پر ان سکیموں کی موثر عمل آوری کو یقینی بنائیں ۔

کپواڑہ

کپواڑہ کے ضلع ترقیاتی کمشنر شری کانت بالا صاحب سوسے نے لولاب سب ڈویژن کا دورہ کر کے وہاں جاری ترقیاتی پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ تمام سیکٹروں کے پروجیکٹوں کو معیاد بند مدت کے اندر مکمل کریں تاکہ لوگ ان سے استفادہ کر سکیں ۔

فلم

نیشنل فلم ڈیولپمنٹ کارپوریشن نے کل نئی دلی میں ان کی طرف سے تیار کی گئی فلم تارا اینڈ آکاش - Love Beyond Realms کا پریمئیر منعقد کیا گیا ۔ اس موقعہ پر اطلاعات و نشریات کے سیکریٹری سنجے جاجو بھی موجود تھے ۔

یہ فلم اپنی نوعیت کے پہلے بھارت - Swiss اشتراک کے تحت تیار کی گئی ہے ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ